e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

# اودھ نامہ
روزنامہ LUCKNOW
avadhnama

Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 327 Sunday , August 30 2026 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۳۲۷) لکھنؤ، بروز اتوار ۳۰-اگست ۲۰۲۶ء،مطابق ۱۶-ربیع الاول-۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## زیادہ شکر اور تیل والی کھانے پینے کی اشیا پر لگے گی وارننگ

نئی دہلی (ایجنسی) اگر کھانے پینے کی کسی پیکٹ بند اشیا میں نمک، شکر یا سیچوریٹڈ فیٹ کی مقدار مقررہ حد سے زیادہ ہوئی تو پیکٹ پر سرخ ہیکساگون یعنی چھ کونوں والا نشان ہوگا۔ اس پر وارننگ بھی درج ہوگی۔ فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز اتھارٹی آف انڈیا (FSSAI) نے یہ تجویز سپریم کورٹ میں پیش کی ہے۔ اس کا مقصد ایسی غذائی اشیا کے بارے میں لوگوں کو محتاط کرنا ہے۔ FSSAI کی تجویز کے مطابق یہ وارننگ لیبل سرخ رنگ کے ہیکساگون کی شکل میں ہوگا۔ اسے پیکٹ کے سامنے والے حصے پر لگایا جائے گا۔ دراصل ”3S اینڈ آور ہیلتھ سوسائٹی“ نامی ایک پبلک چیریٹیبل ٹرسٹ نے سپریم کورٹ میں عرضی دائر کر کے ڈبہ بند یا پیکٹ والے کھانے پر لازمی وارننگ لیبل لگانے کا مطالبہ کیا تھا۔ اس معاملے کی گزشتہ سماعت 13 اگست کو ہوئی تھی۔ اس دوران جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس کے ونود چندرن کی بنچ نے قواعد بنانے میں تاخیر پر FSSAI کو پھٹکار لگائی تھی۔

## سنجے سنگھ ضابطہ اخلاق معاملے کی سماعت ملتوی

سلطان پور، (یواین آئی) اتر پردیش کے سلطان پور ضلع کی ایم پی-ایم ایل اے کورٹ میں عام آدمی پارٹی کے رکنِ پارلیمنٹ سنجے سنگھ کے خلاف درج ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے معاملے کی سماعت ہفتہ کے روز ملتوی کر دی گئی ہے۔ عدالت سے غیر حاضر رہنے کی وجہ سے اب اس معاملے میں اگلی سماعت 7 ستمبر کو ہوگی۔ ایڈووکیٹ مدن پرتاپ سنگھ نے آج یہاں بتایا کہ سنجے سنگھ کے خلاف سلطان پور کے بندھوا کلاں تھانے میں یہ مقدمہ درج ہوا تھا۔ پولیس نے اس معاملے میں عدالت میں چارج شیٹ داخل کر دیا ہے اور مقدمے کی سماعت کا عمل (ٹرائل) مکمل ہو چکا ہے۔ اس دوران ضابطہِ فوجداری (سی آر پی سی) کی دفعہ 313 کے تحت ملزم سنجے سنگھ کا بیان درج کیا جانا ہے۔ یہ معاملہ 13 اپریل 2021 کو سہ سطحی پنچایت انتخابات کے دوران مثالی ضابطہِ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق ہے۔

# مدھیہ پردیش کے چترکوٹ میں سیلاب

## 300 میٹر طویل بڑا پل بہہ گیا: یوپی کے 47 اضلاع میں بارش کا الرٹ، راجستھان کے 15 اضلاع میں درجہ حرارت 35 ڈگری سے پار

چترکوٹ (ایجنسی) مدھیہ پردیش میں مسلسل بارش کی وجہ سے ستنا، چترکوٹ، ٹیکم گڑھ، چھترپور اور پنا میں سیلاب جیسے حالات پیدا ہو گئے ہیں۔ چترکوٹ میں 18 گھنٹے سے ہو رہی موسلادھار بارش کے باعث بھیانک سیلاب کی صورتحال ہے۔ مندا کنی ندی تقریباً 30 فٹ کی اونچائی پر بہہ رہی ہے۔ تیز بہاؤ میں رام گھاٹ کا 300 میٹر طویل پل بہہ گیا۔ ٹونس ہائیڈل پروجیکٹ سے پانی چھوڑے جانے سے قبل 36 گاؤں میں الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اتر پردیش، بہار سمیت ملک کی 4 ریاستوں میں شدید بارش کا الرٹ ہے۔ اتر پردیش کے 47 شہروں میں آندھی اور بارش کا امکان ہے۔ اوڈیشہ کے تین اضلاع میں 67 ہزار سے زائد افراد سیلاب سے متاثر ہیں، جبکہ محکمہ موسمیات نے ریاست کے شمالی اور ساحلی علاقوں میں 2 ستمبر تک شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے، جس سے صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔ وہیں بہار میں گنگا اور گنڈک ندیاں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔ یہاں 50 ہزار سے زیادہ گھر پانی میں ڈوب گئے ہیں۔ ادھر ہماچل پردیش میں 67 سڑکیں بند ہیں۔ دہرادون میں جمعہ کی دوپہر کے بعد مسلسل دو گھنٹے تک ہوئی زوردار بارش سے اہم سڑکیں پانی میں ڈوب گئیں اور شہر کے کئی حصوں میں گھٹنوں تک پانی بھر گیا۔

# تاشقند میں پی ایم مودی، یانگی ازبکستان پارک میں پھول چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا

تاشقند (ایجنسی): وزیر اعظم نریندر مودی ازبکستان کے دارالحکومت تاشقند پہنچ گئے ہیں۔ تاشقند پہنچنے پر ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایوف نے ہوائی اڈے پر وزیر اعظم مودی کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات کے دوران ہندوستان اور ازبکستان کے درمیان مضبوط ہوتے تعلقات کی جھلک بھی دیکھنے کو ملی۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مودی ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایوف کے ساتھ وفود کی سطح پر مذاکرات کریں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے مقصد سے یہ ملاقات اہم سمجھی جا رہی ہے۔ دونوں رہنما تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، توانائی، ڈیجیٹل رابطے اور تعلیم سمیت کئی اہم امور پر بات چیت کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کو ازبکستان کے دارالحکومت تاشقند میں یانگی ازبکستان پارک پہنچ کر پھول چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ازبکستان کے صدر شوکت مرزیایوف بھی ان کے ساتھ موجود رہے۔ یانگی ازبکستان پارک ملک کے اہم اور بڑے عوامی پارکوں میں شامل ہے۔ اس کا افتتاح 31 اگست 2021 کو ازبکستان کی آزادی کی 30 ویں سالگرہ کے موقع پر کیا گیا تھا۔

دو روزہ دورہ مکمل ہونے کے بعد مسٹر مودی دوسرے مرحلے میں کرغیز جمہوریہ کے صدر، صدیر جپاروف کی دعوت پر 26 ویں ایس سی او سربراہ اجلاس میں شرکت کے لیے بشکیک کا دورہ کریں گے جو اس اہم تنظیم کے 25 سال مکمل ہونے کی علامت ہے۔ ہندوستان 2017 سے ایس سی او کا سرگرم اور تعمیری رکن رہا ہے۔ مسٹر مودی نے دو ممالک کے دورے پر روانہ ہونے سے پہلے اعتماد ظاہر کیا کہ ان کے دورے سے وسطی ایشیا میں ہندوستان کی اسٹریٹجک شراکت داری مضبوط ہوگی۔ انہوں نے کہا، ”مجھے امید ہے کہ یہ دورہ وسطی ایشیا میں ہندوستان کی اسٹریٹجک شراکت داریوں کو مضبوط کرے گا، خطے کے ساتھ ہمارے تہذیبی تعلقات کو گہرا کرے گا، اور امن، استحکام نیز خوشحالی کی ہماری مشترکہ تلاش کو آگے بڑھائے گا۔ یہ وہ اقدار ہیں جو دنیا کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کے مرکز میں ہیں۔ مسٹر مودی نے دونوں ملکوں کے چار روزہ دورے پر روانہ ہونے سے پہلے ہفتہ کو ایک بیان میں کہا کہ وہ صدر شوکت مرزایوف کی دعوت پر 29 اور 30 اگست کو سرکاری دورے کے لیے تاشقند میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ صدر مرزایوف کے ساتھ دو طرفہ اہمیت کے مختلف امور پر بات چیت کے لیے پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا، ”حالیہ برسوں میں ہندوستان-ازبکستان حکمت عملی پر مبنی شراکت داری میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ میں صدر مرزایوف کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری، ڈیجیٹل رابطے، دفاع اور توانائی کے شعبوں میں ہمارے تعاون کو مزید گہرا کرنے اور وکست بھارت اور یانگی ازبکستان کے ہمارے مشترکہ تصورات کو آگے بڑھانے پر اپنی بات چیت کا منتظر ہوں۔“ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی آف اورینٹل اسٹڈیز میں شاستری یادگار اور مہاتما گاندھی مرکز کا بھی دورہ کریں گے، جو دونوں ملکوں کو جوڑنے والے قریبی ثقافتی اور عوام سے عوام کے تعلقات کے لیے ایک خراج عقیدت ہے۔



# دہلی این سی آر میں سی این جی کی قیمت میں 3.89 روپے فی کلو کا اضافہ

نئی دہلی (ایجنسی) دہلی این سی آر میں سی این جی استعمال کرنے والے لاکھوں گاڑی مالکان کو ایک بار پھر مہنگائی کا جھٹکا لگا ہے۔ اندر پرستھ گیس لمیٹڈ نے سی این جی کی قیمت میں 3.89 روپے فی کلوگرام اضافے کا اعلان کیا ہے، جس کے بعد قومی دارالحکومت میں اس کی قیمت 83.09 روپے سے بڑھ کر 86.98 روپے فی کلو ہو گئی ہے۔ نئی قیمتیں 29 اگست کی صبح 6 بجے سے نافذ ہو گئی ہیں۔ کمپنی کے مطابق عالمی مائع قدرتی گیس کی منڈی میں زبردست تیزی، مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی اور درآمدی لاگت میں اضافے کے باعث قیمت میں یہ تبدیلی کی گئی ہے۔ اس اضافے کا اثر آٹو رکشا، ٹیکسی ڈرائیوروں کے ساتھ ساتھ نجی گاڑی مالکان اور عوامی نقل و حمل کے شعبے پر بھی پڑنے کا امکان ہے۔ وہیں آٹو رکشا ڈرائیوروں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی ایندھن کی لاگت کا براہ راست اثر ان کی آمدنی پر پڑ رہا ہے، جبکہ مسافروں کا کرایہ تقریباً پہلے جیسا ہی ہے۔ اندر پرستھ گیس لمیٹڈ نے جمعہ کو بتایا کہ سی این جی کی قیمت میں 3.89 روپے فی کلوگرام کی نظرثانی کی گئی ہے۔ نئی قیمت نافذ ہونے کے بعد دہلی میں سی این جی کی قیمت 86.98 روپے فی کلوگرام ہو گئی ہے۔

# دلتوں کے ساتھ امتیازی سلوک پر راہل برہم

## ’دلتوں کو ترقی اور عزت کے ساتھ زندگی گزارتے نہیں دیکھنا چاہتے بی جے پی-آر ایس ایس‘، کانگریس صدر کے اسٹیج کا ’شدھی کرن‘ سنگین جرم، فوری ایف آئی آر درج ہو، اپوزیشن لیڈر نے ’شدھی کرن‘ کو آئین کے خلاف قرار دیا

نئی دہلی (ایجنسی) لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رہنما راہل گاندھی نے ملک میں دلتوں پر بڑھتے مظالم اور توہین آمیز سلوک پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ ”ملک میں 2 نظریات کے درمیان لڑائی جاری ہے۔ ایک آئین کا نظریہ اور دوسرا بی جے پی-آر ایس ایس کا نظریہ۔ اس ملک میں ہزاروں سال سے دلتوں پر ظلم ہو رہا ہے۔ آج آئین نافذ ہونے کے بعد بھی ان کے ساتھ تشدد کیا جا رہا ہے جو غیر قانونی ہے۔“ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ”ملک کے کئی اسکولوں میں دلت بچوں سے بیت الخلاء صاف کرایا جاتا ہے اور ان سے جھاڑو لگوائی جاتی ہے۔ دلتوں کو کنوؤں سے پانی نہیں لینے دیا جاتا، اتنا ہی نہیں چائے کی دکان پر بھی دلتوں کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جاتا ہے اور بارات میں گھوڑے پر سوار ہونے کے معاملے پر انہیں مارا پیٹا اور دھمکایا جاتا ہے۔“

راہل گاندھی نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ ”ایک دلت شخص جتنا کامیاب ہوتا ہے اس پر اتنی ہی طاقت کے ساتھ حملہ ہوتا ہے۔ یہ روزانہ کروڑوں لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے۔“ راہل گاندھی نے چند واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ”ہمارے راجستھان کانگریس کے سی ایل پی ٹیکارام جولی مندر جاتے ہیں، بی جے پی کے لیڈر شدھی کرن کرتے ہیں۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے ہلدوانی کے رام لیلا میدان میں جلسۂ عام سے خطاب کرنے جاتے ہیں وہاں شدھی کرن ہوتا ہے۔ بہار کے سابق وزیر اعلیٰ جیتن رام مانجھی مندر جاتے ہیں تو وہاں بھی شدھی کرن ہوتا ہے۔“ ان کے مطابق یہ بی جے پی-آر ایس ایس کے لوگ کرتے ہیں اور ہندوستان کے آئین کے مطابق یہ جرم ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران راہل گاندھی نے یہ بھی کہا کہ ”8 اگست کو کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے کی ہلدوانی میں ریلی ہوتی ہے اور 10 اگست کو بی جے پی اور آر ایس ایس کے لوگ ان کی تقریر کے اسٹیج کا شدھی کرن کرتے ہیں۔ اس واقعہ کے بارے میں 13 اگست کو کانگریس صدر پارلیمنٹ میں بتاتے ہیں کہ شدھی کرن کا یہ واقعہ جرم ہے۔ یہ میری اور ملک کے ہر دلت کی توہین ہے۔“ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ”اتراکھنڈ بی جے پی کے صدر کھل کر کہتے ہیں کہ شدھی کرن کیا گیا ہے اور اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔“

راہل گاندھی کا کہنا ہے کہ ”شدھی کرن ایس سی/ایس ٹی ایکٹ کے تحت جرم ہے، لیکن 20 دن گزر چکے ہیں اور اب تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی ہے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ اتراکھنڈ میں جن لوگوں نے شدھی کرن کیا ہے، ان کے خلاف ایف آئی آر درج ہو۔“ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ ”نریندر مودی کہتے ہیں کہ وہ ہر ذات کے ہیں لیکن اتراکھنڈ میں بی جے پی کے سربراہ کہہ رہے ہیں کہ شدھی کرن کرنا درست تھا۔ ہم چاہتے ہیں کہ وزیر اعظم مودی حکم دیں کہ شدھی کرن کرنے والے لوگوں کے خلاف ایس سی/ایس ٹی ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے۔“ ان کے مطابق آج لڑائی آئین اور بی جے پی-آر ایس ایس کے نظریے کے درمیان ہے اور ’شدھی کرن‘ کا واقعہ ان کی ذہنیت کو ظاہر کرتا ہے۔ بی جے پی-آر ایس ایس کے لوگ نہیں چاہتے کہ ملک کے دلت ترقی کریں، کامیاب ہوں اور عزت کے ساتھ زندگی گزاریں۔ یعنی ان کے قول و فعل میں فرق صاف طور پر نظر آتا ہے۔



# دیوریا ترقی کے نئے پیمانے قائم کر رہا ہے: سی ایم یوگی

## وزیر اعلیٰ نے دیوریا میں 305 کروڑ روپے کی 80 ترقیاتی اسکیموں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا



لکھنؤ۔ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ آج دیوریا ترقی کے نئے پیمانے قائم کر رہا ہے۔ یہاں رابطے کی سہولیات بہتر ہو رہی ہیں۔ یہاں بائی پاس اور فلائی اوور بن رہے ہیں۔ سنگل لین سڑک کو ڈبل لین، ڈبل لین سڑک کو فور لین اور فور لین سڑک کو سکس لین میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ کمپوزٹ اسکول اور کستوربا گاندھی اسکولوں کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔ نوجوانوں کے مسابقتی امتحانات کے لیے کوچنگ کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ آپریشن کایاکلپ کے تحت بنیادی تعلیم کے اسکولوں کی حالت بہتر بنا کر بچوں کے روشن مستقبل کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ آج ضلع دیوریا میں سلیم پور اور بھاٹ پاررانی اسمبلی حلقوں کی 305 کروڑ روپے کی لاگت والی 80 ترقیاتی اسکیموں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھنے کے بعد منعقدہ پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مختلف فلاحی اسکیموں کے مستحقین کو علامتی چیک، سرٹیفکیٹ، چابیاں، تقرری خطوط وغیرہ فراہم کیے۔ اس سے قبل وزیر اعلیٰ نے مختلف محکموں کی جانب سے لگائی گئی نمائش کا مشاہدہ کیا اور اسکولی بچوں کو چاکلیٹ تقسیم کی۔ پروگرام کے دوران ضلع دیوریا کے ترقیاتی سفر پر مبنی ایک مختصر فلم بھی دکھائی گئی۔

وزیر اعلیٰ نے بابا دُگدھیشور ناتھ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دیوریا اپنی روحانی وراثت اور ملک میں قوم پرستانہ بیداری کو آگے بڑھانے کے لیے دنیا بھر میں مشہور رہا ہے۔ دیوریا ہندوستان کی وہ سرزمین ہے جس نے غیر ملکی غلامی کے خلاف ہندوستان کی جدوجہد کو مسلسل آگے بڑھانے میں اپنا تعاون دیا۔ آزادی کے بعد جس دیوریا کو مسلسل نظر انداز کیا جاتا رہا، ڈبل انجن حکومت آنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی کی کامیاب اور دور اندیش قیادت میں اسی دیوریا میں ترقی کے نئے پیمانے قائم ہو رہے ہیں۔

# ریزرویشن تنازعہ: مودی حکومت کے 2 وزراء میں شروع ہوئی جنگ

### چراغ نے مانجھی سے استعفیٰ کا کیا مطالبہ

پٹنہ (ایجنسی) ریزرویشن کے معاملے پر این ڈی اے کی 2 اتحادی پارٹیوں کے درمیان تنازعہ اب کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے اپنے ہی اتحادی اور مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی کے استعفیٰ کا مطالبہ کر دیا ہے۔ مانجھی کی پارٹی ’ہم‘ یعنی ہندوستانی عوام مورچہ نے ریزرویشن پالیسی پر نظرثانی کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کے بعد دونوں لیڈران کے درمیان بیان بازی تیز ہو گئی ہے۔ چراغ پاسوان کا کہنا ہے کہ اگر جیتن رام مانجھی ریزرویشن میں کریمی لیئر اور ذیلی کوٹے کی بات کرتے ہیں تو انہیں پہلے خود استعفیٰ دینا چاہیے۔ انہوں نے مانجھی کے بیٹے اور بہار حکومت میں وزیر سنتوش کمار سمن کے استعفیٰ کا بھی مطالبہ کیا۔ دراصل دونوں پارٹیاں بہار اور مرکز میں این ڈی اے کی اتحادی ہیں۔ ایسے میں 2 مرکزی وزرا کے درمیان اس طرح کا تنازعہ اتحاد میں رسہ کشی کی بحث کو بڑھا رہا ہے۔ تنازعہ کی شروعات ’ہم‘ کی جانب سے درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے ریزرویشن میں ذیلی کوٹہ دینے کے مطالبہ سے ہوئی۔ مانجھی کے بیٹے سنتوش کمار سمن نے کہا کہ ریزرویشن پر نظرثانی ضروری ہے۔ ریزرویشن کا فائدہ سب سے کمزور اور طویل عرصہ سے پسماندہ ذاتوں تک بھی پہنچنا چاہیے۔ سمن نے واضح کیا کہ ان کی پارٹی ریزرویشن ختم کرنے کا مطالبہ نہیں کر رہی ہے۔ بس ریزرویشن کو زیادہ منصفانہ اور مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ ابھی ریزرویشن کا فائدہ صرف چند برادریوں تک زیادہ پہنچ رہا ہے۔ جیتن رام مانجھی بہار کے مُسہر سماج سے آتے ہیں۔ یہ دلت سماج کے سب سے پسماندہ گروپوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ’ہم‘ کا کہنا ہے کہ دلت ریزرویشن کا فائدہ پاسوان اور روی داس جیسی کچھ برادریوں کو زیادہ ملا ہے۔ دوسری جانب کئی دیگر دلت برادریاں اب بھی پیچھے ہیں۔ سنتوش کمار سمن نے دعویٰ کیا کہ ان کی مُسہر برادری سے اب تک ایک بھی شخص آئی اے ایس افسر نہیں بن پایا ہے۔ اسی بنیاد پر ’ہم‘ ریزرویشن کے اندر زیادہ کمزور برادریوں کے لیے الگ انتظام کا مطالبہ کر رہی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ریزرویشن کو لے کر موجودہ تنازعہ کی جڑ 2024 کے سپریم کورٹ کے ایک اہم فیصلے میں ہے۔ عدالت نے ریاستوں کو ایس سی اور ایس ٹی زمرے کے اندر ذیلی درجہ بندی یعنی سب کلاسیفکیشن کی اجازت دی تھی۔ اس کا مقصد ان طبقات میں سب سے زیادہ پسماندہ ذاتوں تک ریزرویشن کا فائدہ پہنچانا تھا۔ حال ہی میں سپریم کورٹ میں ایک عرضی بھی داخل کی گئی ہے۔

# سجن کمار کے گھر جانے پر نبین نے کمل جیت، رام ویر اور یوگیندر کی سرزنش کی، جواب طلب کیا

نئی دہلی، 29 اگست (یواین آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے صدر نتن نبین نے پارٹی کے دہلی کے تین لوک سبھا اراکینِ پارلیمنٹ کمل جیت سہراوت، رام ویر سنگھ بدھوڑی اور یوگیندر چندولیا کی سرزنش کی ہے اور 1984 کے سکھ مخالف فسادات کے معاملے میں قصوروار ٹھہرائے گئے کانگریس کے آنجہانی رکنِ پارلیمنٹ سجن کمار کے گھر جانے کے معاملے میں ان سے جواب طلب کیا ہے۔ پارٹی کے ذرائع سے ملی معلومات کے مطابق مسٹر نبین نے محترمہ سہراوت اور مسٹر بدھوڑی نیز چندولیا سے اس معاملے پر جواب دینے کو کہا ہے۔

قابلِ ذکر ہے کہ بی جے پی کے یہ تینوں اراکینِ پارلیمنٹ مسٹر کمار کے انتقال کے بعد ان کے گھر گئے تھے اور ان کے خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا تھا۔ نبین کی ناراضگی کمل جیت سہراوت، رام ویر سنگھ بدھوڑی اور یوگیندر چندولیا پر تھی۔ بی جے پی رہنما ایچ ایس پھولکا نے مسٹر نبین کے اس قدم کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پارٹی کے 40 سال پرانے موقف کو برقرار رکھا اور اس معاملے پر سخت موقف اپنایا۔ انہوں نے کہا، ”قیادت ایسی ہی ہونی چاہیے، نہ کہ کانگریس جیسی منافقانہ، جیسا وہ اتنے سالوں سے کرتے آ رہے ہیں۔ بی جے پی نے 40 سالوں سے اس معاملے کو اپنا مان کر لڑائی لڑی ہے۔ 1984 کے سکھ مخالف فسادات کے متاثرین کے لیے لڑنے والے اہم وکیل اور اس سال اپریل میں بی جے پی میں شامل ہوئے مسٹر پھولکا نے مسٹر سجن کمار کے گھر جانے پر محترمہ سہراوت، مسٹر بدھوڑی اور چندولیا کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے جمعہ کے روز کہا تھا، ”میں تینوں اراکینِ پارلیمنٹ سہراوت، بدھوڑی اور چندولیا کی جانب سے اجتماعی قاتل سجن کمار کے گھر جا کر اس کی موت پر تعزیت کا اظہار کرنے کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ بی جے پی نے ہمیشہ ان قصورواروں کے خلاف انصاف کی ہماری لڑائی کی حمایت کی ہے اور یہ یقینی بنانے میں ہمارا ساتھ دیا ہے کہ وہ جیل میں رہے۔

# نیپال سے بہہ کر ہندوستان کی ندی میں پہنچ رہی ہیں لاشیں

کٹھمنڈو (ایجنسی) نیپال میں آئے شدید سیلاب کا اثر اب ہندوستان کی ندی میں بھی دکھائی دینے لگا ہے۔ نارائنی ندی میں سیلاب کے پانی کے ساتھ لاشیں بہہ کر مہاراج گنج تک پہنچ رہی ہیں، یہاں اب تک 4 لاشیں ملی ہیں۔ ندی میں بہہ کر آنے والی لاشوں، ملبے، لکڑیوں اور سامان کی یہ تصاویر سیلاب کی تباہی کا دردناک منظر پیش کر رہی ہیں۔ نارائنی ندی میں صرف پانی نہیں بہہ رہا بلکہ سیلاب کے پانی کے ساتھ لکڑیاں، گھریلو سامان، سلنڈر سمیت کئی چیزیں بھی ہندوستان کی طرف آ رہی ہیں۔ اسی دوران راحت اور بچاؤ کے کام میں مصروف جوانوں کو ندی میں کچھ مشتبہ چیزیں نظر آئیں۔ قریب جا کر دیکھا گیا تو وہاں لاشیں پڑی تھیں۔ ایک ہندی نیوز پورٹل پر شائع خبر کے مطابق مہاراج گنج انتظامیہ نے لاشیں ملنے کی اطلاع نیپال کو بھیج دی ہے۔ شناخت سے متعلق تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کی گئی ہیں۔ اب مزید کارروائی کے حوالے سے نیپال انتظامیہ کے فیصلے کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ ندی پر تعینات بچاؤ ٹیم مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔ جیسے ہی کوئی مشتبہ چیز دکھائی دیتی ہے، جوان موقع پر پہنچ کر اس کی جانچ کرتے ہیں۔ انسانی لاش ملنے پر اسے باہر نکال کر ضروری کارروائی کے بعد مردہ خانے بھیج دیا جاتا ہے۔ سیلاب کے بعد ندی کے ساتھ بہہ کر آئے سامان کو نکالنے کے لیے کچھ لوگ اپنی جان خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ ریسکیو ٹیم انہیں بار بار ندی سے دور رہنے کی وارننگ دے رہی ہے۔ اس کے باوجود کئی لوگ لکڑی اور دوسری چیزیں نکالنے کے لیے پانی کے قریب پہنچ جا رہے ہیں۔

# ’بی جے پی کتنا ہی کیچڑ پھیلا لے، اس کا کمل نہیں کھلے گا‘: اکھلیش



لکھنؤ۔ سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے کہا کہ راون نے بھی اپنی بہنوں کو بی جے پی کی طرح دھوکہ نہیں دیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اتر پردیش حکومت رکشا بندھن پر خواتین کے لیے مفت بس سواری کے اپنے وعدے کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ دراصل، سماج وادی پارٹی (ایس پی) کے صدر نے ٹوئٹر پر ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ پریاگ راج میں ایک بس ڈپو کیچڑ سے بھرا ہوا ہے اور رکشا بندھن پر بسوں کی کمی کی وجہ سے لوگوں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جمعہ کے روز ریاست بھر میں خواتین نے بسوں کے دستیاب نہ ہونے، سیٹیں خالی ہونے اور مقررہ جگہوں پر بسیں نہ رکنے کی شکایت کی۔

رکشا بندھن پر خواتین کے سفر کو آسان بنانے کے لیے، اتر پردیش حکومت نے 27 اگست کی آدھی رات سے جمعہ کی آدھی رات تک اتر پردیش اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی تمام بسوں میں خواتین اور ایک ساتھی شخص کے لیے مفت سفر کا اعلان کیا۔ حکومت نے محکمہ ٹرانسپورٹ، پولیس اور مقامی انتظامیہ کو خواتین کے لیے ہموار اور محفوظ سفر کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ ایس پی سربراہ نے کہا، ”یہاں تک کہ راون نے بھی اپنی بہنوں کو اس طرح دھوکہ نہیں دیا جس طرح وہ (بی جے پی) دیتے ہیں۔ بی جے پی اور اس کے ’ساتھی‘ (آر ایس ایس کا حوالہ دیتے ہوئے) راون سے بھی بڑے جھوٹے نکلے ہیں۔“ یادو نے کہا، ”راون نے اپنی شکل بدل کر صرف ایک بار دھوکہ دیا، جب کہ وہ (بی جے پی) اسی شکل میں رہ کر لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں“۔ سابق وزیر اعلیٰ نے مزید کہا، ”بی جے پی اب کتنی ہی کیچڑ پھیلائے، اس کا کمل نہیں کھلے گا۔ بی جے پی جائے گی اور کبھی واپس نہیں آئے گی۔“ یادو نے اپنی پوسٹ کے ساتھ جو ویڈیو شیئر کیا ہے وہ اتر پردیش کے مختلف حصوں کی خواتین کی جانب سے سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی شکایات کا مجموعہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مفت سفر کے اعلان کے باوجود بسیں دستیاب نہیں ہیں، سیٹیں دستیاب نہیں ہیں اور بعض بسیں مقررہ جگہوں پر نہیں رک رہی ہیں جس سے خواتین مسافروں کو مفت میں لے جانے سے روکا جا رہا ہے۔ یادو نے حکومت کے مفت بس سفر کے اعلان کو براہ راست نشانہ بنایا اور لفظ ”بس“ کے ساتھ کھیلنے کے لیے ہندی لفظ ”بے بس“ کا استعمال کیا۔ جمعہ کو ایک اور پوسٹ میں، اکھلیش یادو نے لکھا، بس بہن: رکھشا بندھن پر مفت بس کا وعدہ کرنے کے بعد، انہوں نے بس کو ہٹا دیا!






اودھ نامہ


# نئی اصطلاح کی اختراع اور اس کی معنویت

ہمارے ملک کا بچہ بچہ یہ بات اچھی طرح جانتا ہے کہ ہمارا ملک 15 / اگست 1947 کو آزاد ہوا تھا اور 26 / جنوری 1950 کو ہمارا اپنا آئین نافذ ہو گیا تھا۔ اور یہ دونوں ایسے دن ہیں کہ جب ہمارے ملک کے وزیر اعظم قوم سے خطاب کرتے ہیں چنانچہ اسی روایت کا احترام کرتے ہوئے اور پاس رکھتے ہوئے ہمارے ملک کے وزیر اعظم نریندر مودی جی گزشتہ 15 اگست 2026 کو دہلی کے لال قلعے کی فصیل سے خطاب کرتے ہوئے ایک نیا تحفہ دیا۔ یہ تحفہ کوئی ایسا تحفہ نہیں تھا کہ جس سے ملک یا ملک کے شہیروں کو کسی قسم کی کوئی دولت یا کسی قسم کی کوئی بڑی سہولت دے دی گئی ہو بلکہ یہ تحفہ تھا زبان کا یعنی اس دن وزیر اعظم نے پوری قوم کو ایک نیا فقرہ عطا فرمایا / اور وہ فقرہ تھا "دماغی نکسلی"۔ اور اس سے پہلے کہ قوم اسا فقرے کی گہرائی اور گیرائی میں کھو جاتی اور نئے معانی تلاش کرنے کی کوشش کرتی۔ انھوں نے خود ہی اس کی وضاحت بھی کر دی۔ ان کا کہنا تھا کہ 'ملک نے جنگلوں میں ہتھیار اٹھانے والے نکسلیوں کے خلاف ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ لیکن 'دماغی نکسلیوں' کی ذہنیت سے ملک کو آزاد کرنے اور انہیں پہچان کر الگ تھلگ کرنے کی ضرورت ہے، ہمارے ذہن میں اسی وقت سے راحت اندوری کا شعر گھومنے لگا جس میں انھوں نے بھی ایک اختراع سے کام لیا تھا اور خود ہی اس اختراع کی وضاحت بھی کر دی تھی شعر یوں تھا:-

یہ لوگ پاؤں نہیں ذہن سے اپاہج ہیں ☆ ادھر چلیں گے جدھر رہنما چلاتا ہے

اپنے جائز مطالبات کو حزب اقتدار سے منوانے کا جمہوری طریقہ یہی ہے کہ پُر امن احتجاجی مظاہرہ کیا جائے یا مذاکرات کے لیے دونوں فریق آمنے سامنے میز پر بیٹھیں، ایک دوسرے کی شکایتوں کو غور اور صبر کے ساتھ سنیں اور عملی حل نکالیں۔ ایسا نہ ہونے پر استحصال زدہ طبقے کے آخری راستے کے طور پر تشدد کی راہ اختیار کرنے کی دلیل دی جاتی ہے۔ کیا آج ایسے حالات ہیں؟ ایسا تو نہیں لگتا۔ پھر اپنے آپ کو بیدار، ذمے دار اور خبردار ظاہر کرنے کے چکر میں تشدد کی بات کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اور کیا یہ بھی ایک عجیب بات نہیں کہ "دماغی نکسلیوں" کو ملک کے مین اسٹریم میں لانے کے بجائے انہیں پہچاننے اور الگ تھلگ کرنے کی بات کہی گئی ہے؟

نکسلی ازم کو سمجھنے کے لیے ہمیں تاریخ کے اوراق کھنگالنے ہوں گے۔ تبھی آپ کو پتہ چلے گا کہ گزشتہ صدی کی 60 اور 70 کی دہائیاں نوجوانوں کے کھڑے ہونے کا دور ہیں۔ ہندی سڑکوں پر آ جاتی ہے۔ زبان کی یہ تحریک میکالے کی اس تعلیمی پالیسی کی مخالفت بھی تھی۔ جو ہندوستان میں عوامی بہبود کے بجائے اقتدار کی گرفت مضبوط رکھنے کے لیے ذہنوں کی تشکیل کر رہی تھی۔ انگریزی محض ایک زبان نہ رہ کر حکم اور اقتدار کی زبان بن گئی تھی اور ملک کی دیگر زبانوں کے ساتھ نوکرانی کا سا سلوک کیا جا رہا تھا۔ جنوبی ہندوستان میں ہندی زبان تھوپے جانے کے خلاف آواز بلند ہوتی ہے۔ اگرچہ جنوب کی یہ مخالفت لاعلمی کے سبب ابھری تھی، شمالی ہندوستان کی زبان کی تحریک کا مقصد ملک کی کسی زبان کو دبا کر اس پر تھوپنے کا نہیں تھا، بلکہ اس کے پس پشت سہ لسانی فارمولے کا تصور سامنے رکھا گیا تھا۔ اسی دوران مغربی بنگال کے ضلع دارجلنگ کے شمالی حصے میں، زمین کی تقسیم کے سوال پر تشدد ہوتا ہے۔ یہ مسلح بغاوت محض غربت کے خلاف نہیں، عدمِ مساوات کے خلاف بھی تھی۔ اس عدم مساوات کے خلاف جب کسانوں اور مزدوروں نے حکومت سے شکایت کی تو ان کی آواز نہیں سنی گئی۔ کمیونسٹوں کو ایک موقع مل گیا کہ اس مسئلے کو گاندھی کے راستے کے بجائے مارکسی، پُر تشدد انقلاب کے ذریعے حل کرنے کی راہ اختیار کی جائے۔ چنانچہ انہوں نے اعلان کر دیا کہ اب ان کے پاس تشدد کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا۔ اس واقعے نے تحریک کو مزید بھڑکا دیا اور بنگال میں پہلی نکسلی تحریک نے زور پکڑ لیا۔ جس مسئلے کو حل کرنے میں صوبے کی اس وقت کی حکومت ناکام رہی، مرکزی حکومتوں نے بعد میں مسلسل اس کا حل تلاش کیا۔ نکسلی تشدد سے لڑنے اور مکالمے، دونوں راستے کھولنے کی کوشش کی گئی۔ دھیرے دھیرے نکسلیوں کی پُر تشدد تحریک قابو میں آئی، گو کہ اس تشدد سے دونوں فریقوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ نکسلباری کی ابتدائی مسلح بغاوت چند ماہ میں دبا دی گئی، لیکن اس کے نظریاتی اثرات ملک کے مختلف حصوں میں پھیلتے چلے گئے۔ آج جانے انجانے نوجوانوں کی تحریکوں اور ایک ساری نسل کو بدنام کرنے کی غرض سے انہیں "دماغی نکسلی" قرار دیا جا رہا ہے۔ مخالفین کا خیال ہے کہ موجودہ این ڈی اے حکومت کے دورِ اقتدار میں جتنی بھی عوامی تحریکیں ہوئیں، ان میں شروع ہی سے مکالمے کے خلاف رویہ اپنایا جاتا رہا ہے۔ بس ان کو ایک نام دے دیا گیا ہے۔ اتنا ہی نہیں، تحریک چلانے والوں کو پست کرنے کے لیے اذیت، جیل اور پولیس کی بے رحمی کا سہارا بھی لیا گیا ہے۔ لیکن ساری زیادتیوں میں سیاسی قیادت کا براہِ راست کردار نہیں ہوتا۔ دراصل پولیس اور سلامتی کے اہلکار اپنے حاکموں کو خوش کرنے کے لیے بعض اوقات حد سے تجاوز بھی کرتے ہیں۔ ہاں، یہ سچ ہے کہ ہر حکومت مخالف شخص، دانشور یا حزبِ اختلاف کے لیڈر کو "دماغی نکسلی" نہیں کہنا چاہیے۔ جمہوریت میں حکومت کی تنقید شہریوں کا اختیار ہے۔ اس لیے "دماغی نکسلی" کے فقرے کا استعمال بھی سنجیدہ، مدلل اور واضح حوالے سے ہونا چاہیے۔ محض سیاسی عدمِ اتفاق کو نکسلی قرار دینا جمہوری نظام کو کمزور کرے گا۔

# الہ آباد ہائی کورٹ کا حجاب مخالف فیصلہ

معصوم مرادآبادی



الہ آباد ہائی کورٹ نے حال ہی میں ایک مسلم طالبہ کی عرضی پر حجاب مخالف جو فیصلہ صادر کیا ہے، اس سے مسلم حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سب سے بڑا مسئلہ ان طالبات کا ہے جو حجاب پہن کر اسکول جاتی ہیں اور بچپن سے اس کی پیروی کرتی رہی ہیں، مگر ہائی کورٹ نے یہ کہہ کر حجاب پر ہی سوال کھڑا کر دیا ہے کہ یہ اسلام کا لازمی حصہ نہیں ہے۔ یہاں سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ کسی فرقہ کی مذہبی رسومات کے بارے میں فیصلہ کرنا عدالتوں کا کام ہے یا پھر یہ ان علمائے کرام کی ذمہ داری ہے جو مذہبی امور کی مکمل جانکاری رکھتے ہیں۔ اگر اس طرح عدالتیں مذہبی امور میں مداخلت کرتی رہیں تو پھر ان دستوری تحفظات کا کیا ہوگا جن کی گارنٹی اقلیتوں کو اپنے مذہب پر عمل پیرا ہونے سے متعلق دی گئی ہے۔ دستور کی دفعہ 19 اور 25 میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ اس ملک کی اقلیتیں اپنے مذہب پر عمل آوری کے لیے مکمل طور پر آزاد ہیں۔ سبھی جانتے ہیں پردہ اور حجاب اسلام کا لازمی حصہ ہے اور اسلام میں اس کی مسلسل وعیدیں موجود ہیں۔

الہ آباد ہائی کورٹ نے ایک مسلم طالبہ کو اسکول میں حجاب پہننے کی اجازت دینے سے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا ہے کہ حجاب پہننا اسلام کا لازمی حصہ نہیں ہے اور اسکول کو اپنا یونیفارم کوڈ لاگو کرنے کا مکمل اختیار ہے۔ ہائی کورٹ نے یہ فیصلہ الہ آباد کے ٹیگور پبلک اسکول کی گیارہویں کلاس کی طالبہ سکینہ رضوی کی اس عرضی پر دیا ہے جس میں اس نے اپنی اسکول یونیفارم کے ساتھ حجاب پہننے کی اجازت طلب کی تھی۔ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ عدالت نے اسکولی طالبات کے حجاب پہننے کے خلاف رولنگ دی ہے۔ اس سے پہلے یہ مسئلہ جنوبی ہند کی ریاست کرناٹک میں اس وقت کھڑا ہوا تھا جب ایک طالبہ کی عرضی پر کرناٹک ہائی کورٹ نے ایسا ہی فیصلہ صادر کیا تھا۔ بعد کو یہ معاملہ سپریم کورٹ پہنچا اور وہاں دو ججوں کی بنچ نے اس معاملے میں منقسم فیصلہ صادر کیا۔ یعنی ایک جج نے حجاب کے حق میں فیصلہ دیا جبکہ دوسرے جج نے اس کے خلاف رائے دی۔ اس کے بعد حجاب کے معاملے کو سپریم کورٹ کی ایک بڑی بنچ کے حوالے کر دیا گیا، جس پر ابھی فیصلہ آنا باقی ہے۔

یہ معاملہ 2022 سے سپریم کورٹ میں زیر التوا ہے اور اس نے ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ صادر نہیں کیا ہے۔ اس دوران الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے پر شدید ردعمل سامنے آنا شروع ہو گیا ہے۔ ایک طرف جہاں مجلس اتحاد المسلمین کے صدر بیرسٹر اسدالدین اویسی نے اسے اسلامی شریعت میں مداخلت قرار دیتے ہوئے قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے تو وہیں آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے رکن مولانا خالد رشید فرنگی محلی کا کہنا ہے کہ "اس میں کسی کو کوئی شبہ نہیں ہونا چاہئے کہ حجاب اور اسکارف مسلمانوں کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔" انھوں نے یہ بھی کہا کہ "قرآن حجاب اور پردے کا حکم دیتا ہے۔ اس لیے یہ کہنا سراسر ناانصافی ہے کہ حجاب اسلام کا اٹوٹ حصہ نہیں ہے۔" مسلم پرسنل لاء بورڈ نے الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کیا ہے۔

یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ آخر ملک میں بار بار اسلامی شعائر اور مذہبی رسومات پر سوال کیوں کھڑے کئے جاتے ہیں؟ جب کہ دستور اس ملک کی اقلیتوں کو اپنی مذہبی رسومات اور عقائد پر عمل کی اجازت فراہم کرتا ہے تو عدالتیں اس میں رخنہ اندازی کیوں کرتی ہیں۔ دستور میں اس بات کو بہت صراحت سے بیان کیا گیا ہے کہ اس ملک کی اقلیتیں نہ صرف یہ کہ اپنے مذہب پر عمل کرنے کے لیے پوری طرح آزاد ہیں بلکہ انھیں اپنے مذہب کی تبلیغ و اشاعت کی بھی آزادی حاصل ہے۔ لیکن 2014 کے بعد جب سے ملک میں بی جے پی اقتدار میں آئی ہے مسلمانوں کو اپنے مذہب کی تبلیغ تو کجا خود اپنی مذہبی رسومات پر عمل آوری کی بھی اجازت نہیں دی جا رہی ہے اور اس میں اڑچنیں کھڑی کی جا رہی ہیں۔ اس کی سب سے تازہ مثال حجاب کے خلاف الہ آباد ہائی کورٹ کا تازہ فیصلہ ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ الہ آباد ہائی کورٹ نے حجاب سے متعلق اسلامی تعلیمات کی تشریح کر کے وہ کام اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کی ہے جو مذہبی رہنماؤں کے لیے مخصوص ہے۔ عدالتیں اس بات کی قطعی مجاز نہیں ہیں کہ وہ مذہبی تعلیمات کی تشریح کا کام اپنے ہاتھ میں لیں۔

الہ آباد ہائی کورٹ نے گیارہویں کلاس کی طالبہ سکینہ رضوی کی عرضی پر جو فیصلہ صادر کیا ہے، وہ دراصل 2022 میں کرناٹک ہائی کورٹ کی طرف سے دیئے گئے فیصلے کی نقل ہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ کرناٹک ہائی کورٹ نے بھی تمام دلائل کو رد کرتے ہوئے حجاب کو اسلام کا جز ماننے سے انکار کر دیا تھا اور اب الہ آباد ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں بھی وہی بات دوہرائی ہے۔ سبھی جانتے ہیں کہ پردہ اور حجاب اسلام کی بنیادی تعلیمات کا حصہ ہے اور بیشتر مسلم خواتین اس پر عمل پیرا ہیں۔ محض ان خواتین کو دلیل نہیں مانا جا سکتا جو حجاب نہیں پہنتیں اور بے پردہ رہنا پسند کرتی ہیں۔ بے پردہ خواتین کو دلیل بنا کر ان باپردہ خواتین کو ہراساں نہیں کیا جا سکتا جو اپنے مذہب کی تعلیمات پر عمل پیرا ہیں۔ سکینہ رضوی چھٹی کلاس سے الہ آباد کے ٹیگور اسکول کی طالبہ ہے اور اس نے چھٹی سے دسویں تک اسکول یونیفارم کے ساتھ حجاب پہنا، لیکن جب وہ گیارہویں کلاس میں آئی تو اس پر اسکول انتظامیہ نے یہ پابندی عائد کر دی کہ وہ حجاب یا ہیڈ اسکارف پہن کر اسکول نہیں آئے گی لہٰذا سکینہ رضوی نے اس معاملے کو مذہبی آزادی کی دفعہ 25 کے تحت عدالت میں چیلنج کیا اور عدالت نے اس کی دلیل ماننے سے انکار کر دیا۔ اس معاملے میں سرکاری وکیل گریش کمار ترپاٹھی کا کہنا تھا کہ 'اسکول نجی، غیر امداد یافتہ ادارہ ہے اور یونیفارم طے کرنا اس کی پالیسی کا حصہ ہے۔'

عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ "پہلے حجاب نہ پہننے پر اعتراض نہ ہونے سے اسے پہننے کا مستقل حق نہیں مانا جا سکتا۔" عدالت نے کہا کہ "یکساں اور تفریق سے پاک یونیفارم برابری، ڈسپلن اور مذہبی طور پر غیر جانبدارانہ ماحول کو بڑھاوا دیتی ہے۔' عدالت عالیہ نے اپنے فیصلے میں کرناٹک ہائی کورٹ کے اس فیصلے کا ذکر کیا جس میں اسکولوں میں حجاب کو لازمی مذہبی رسم تسلیم نہیں کیا گیا تھا۔ یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ طالبہ نے اسکول یونیفارم پہننے میں کوئی کوتاہی نہیں کی اور وہ اسکول کی طے شدہ ڈریس پہن کر اسکول آتی رہی۔ صرف اس نے اپنے سر کو حجاب سے ڈھانپا۔ اس کے باوجود اس پر اسکول کی یونیفارم سے انحراف کا الزام عائد کیا گیا، جو کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہے۔

الہ آباد ہائی کورٹ کے جسٹس جے جے منیر اور جسٹس اندر جیت شکلا کی بنچ نے طالبہ کی عرضی خارج کرتے ہوئے کہا کہ "طالبہ ایسا کوئی ثبوت یا مذہبی حوالہ پیش نہیں کر سکی، جس سے ثابت ہو کہ حجاب یا ہیڈ اسکارف پہننا اسلام کا لازمی جز ہے۔' 'عدالت نے یہ بھی کہا کہ "محض دعویٰ کرنے سے دفعہ 25 کے تحت حق نہیں مل سکتا۔" یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ جب سبھی کو یہ بات معلوم ہے کہ اس ملک میں مسلمانوں میں حجاب پہننے کی روایت صدیوں سے چلی آ رہی ہے اور اس پر کسی نے کبھی کوئی اعتراض نہیں کیا تو آج اس کو ایک مسئلہ بنا کر کیوں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کا جواب صاف ہے ملک کے بدلے ہوئے سیاسی ماحول میں ایک فاشسٹ گروہ مسلمانوں کی ہر چیز پر اعتراض کرتا ہے اور ان کے مذہبی امور میں اڑچنیں پیدا کرتا ہے۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ ہمارے عدالتی نظام کا ایک حصہ بھی اس سے متاثر نظر آتا ہے۔

گزشتہ ہفتہ اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے مہاراشٹر کے شہر پونا میں خواتین کا ایک بڑا پروگرام منعقد کیا تھا۔ وہاں ایک باحجاب مسلم دوشیزہ نے ان سے پوچھا کہ "اگر آپ وزیر اعظم بنے تو کیا آپ اس نظریہ کی حمایت کریں گے کہ ایک خاتون حجاب یا ابایا پہن کر خود کو آزاد و محفوظ نہیں کرتی؟" اس سوال کا جواب دیتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ "کوئی خاتون کیا پہننا چاہتی ہے، یہ اس کی مرضی پر منحصر ہے۔ وہ حجاب پہننا چاہتی یا ابایا یہ اس کی مرضی ہے اور اسے اس کی اجازت ہونی چاہئے۔"

masoom.moradabadi@gmail.com

# موہن بھاگوت: الٹی ہوگئی سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

ڈاکٹر سلیم خان

اپریل 2024 میں انتخابی مہم کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی ہندو عوام کو منگل سوتر سے لے بھینس اور پانی کی ٹونٹی تک کے چھن جانے سے ڈرا رہے تھے اور بی جے پی کے صدر جے پی نڈا نے انڈین ایکسپریس کو انٹرویو دیتے ہوئے کھلے عام کہہ دیا تھا کہ 'اب ہم بالغ ہو گئے ہیں اس لیے ہمیں سنگھ کی حمایت درکار نہیں ہے'۔ اس وقت راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کو احساس ہو گیا کہ اب ان کا بیڑہ غرق ہونے والا ہے اور بہت جلد اپنے 'اچھے دن جانے والے ہیں'۔ اس لیے آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت نے یہ اعلان کر دیا کہ تنظیم کے صد سالہ سال (2026 / 2025-1925) کے آغاز پر 100 سال مکمل ہونے کا کوئی بڑا جشن نہیں منایا جائے گا۔ ڈاکٹر موہن بھاگوت کے مطابق چونکہ "ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے اس لیے اس کی ضرورت نہیں"۔ انہوں نے اپنے رضا کاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ صد سالہ سال کو ایک تہوار یا جشن کی طرح نہیں منایا جانا چاہیے۔ ان کا ماننا ہے کہ تنظیم کا مقصد محض وقت یا سنگ میل کو یادگار بنانا نہیں، بلکہ اپنے طے شدہ مقاصد کو حاصل کرنا ہے۔ ڈاکٹر بھاگوت نے اعتراف کیا تھا کہ تنظیم کا بنیادی مقصد ایک متحد، مضبوط اور نظم و ضبط کا پابند معاشرہ تشکیل دینا ہے۔ جب تک معاشرے میں تفریق، اونچ نیچ اور کمزوریاں موجود ہیں، تب تک سنگھ کا کام ادھورا ہے۔ اس لیے کامیابی کا موازنہ سالوں سے کرنے کے بجائے زمینی تبدیلیوں سے کیا جانا چاہیے۔

ڈاکٹر موہن بھاگوت کمال حقیقت پسندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے معروضی بات کہی تھی۔ لاکھ چشم پوشی کے باوجود ہندوستانی سماج میں تفریق امتیاز کی کھائی بہت گہری ہے۔ مسلمانوں، عیسائیوں اور اشتراکیوں کو ذلیل و رسوا کرنا تو خیر سنگھ کے بنیادی عقیدے کا تقاضہ ہے۔ اسی لیے کرنل صوفیہ قریشی کی تضحیک کرنے والے وجئے شاہ کو بچانے کے لیے ان کے خلاف فیصلہ کرنے والے ہائی کورٹ کے جج اتل سریدھرن کا تبادلہ کروا دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد جب سپریم کورٹ تفتیش کے لیے ایس آئی ٹی قائم کرنے کا حکم دیتا ہے تو بی جے پی کی صوبائی حکومت اس کی نافرمانی کرتے ہوئے تشکیل کی اجازت نہیں دیتی۔ یہ بھید بھاو کی ایک انتہا ہے مگر ہندو معاشرے کے اندر بھی دلت دولہے کو گھوڑے سے اتار دینا، قبائلی کے سر پر پیشاب کر کے ویڈیو بنانا اور پھیلانا، دلت لڑکی کی عصمت دری کے خلاف احتجاج کرنے والے کسان رہنماؤں کو میرٹھ میں پولیس تھانے کے اندر مار پیٹ کا ننگا ناچ نچانا، اپنے طلبا اور نوجوانوں پر جنتر منتر میں لاٹھی برسانا، بہار میں اے کے 47 سے ڈرانا دھمکانا، اولین شہری دروپدی مرمو تک کو نہ صرف رام مندر سے دور رکھنا بلکہ دہلی میں جگناتھ مندر کے اندرونی حصے میں داخل ہونے سے روک دینا اور ہلدوانی میں کانگریس کے صدر ملک ارجن کھرگے کے اسٹیج کا شدھی کرن (پاک صاف) کرنے کو اتراکھنڈ بی جے پی صدر کا جائز ٹھہرانا بتاتا ہے نسلی امتیاز بام عروج پر ہے مگر موہن بھاگوت یا آر ایس ایس اس کے خلاف کچھ کرنا تو دور چونچ تک نہیں کھولتے۔ ان کا کام صرف پروچن (نصیحت) کرنا ہے لیکن چونکہ عمل اس کے خلاف ہے اس لیے کوئی اثر نہیں ہوتا۔

مودی سرکار کے مخالفین اکثر یہ سوچ کر پریشان ہو جاتے ہیں کہ آخر یہ لوگ اس قدر فراٹے سے جھوٹ کیسے بول لیتے ہیں؟ وہ تمام تر شواہد کے باوجود دھڑلے کہہ دیتے ہیں کہ دہلی میں پیلیٹ گن چلی ہی نہیں لیکن ان مخالفین کو معلوم ہونا چاہیے کہ جب ان کی مادرِ تنظیم کا سربراہ موہن بھاگوت یہ دعویٰ کر سکتا ہے کہ آر ایس ایس کا رخ سیاست یا اقتدار کی طرف نہیں بلکہ کردار سازی پر رہا ہے تو اس کے سامنے ساری کذب گوئی ہلکی ہو جاتی ہے۔ آر ایس ایس نے وہ کردار سازی کی کہ وزیر اعلیٰ بننے کے بعد یوگی ادیتیہ ناتھ نے اپنے خلاف سارے مقدمات از خود واپس لے لیے اور اعظم خان کو پھنسانے کی خاطر ان پر سو زیادہ جھوٹے مقدمات جڑ دیئے۔ یوگی جن کانوڑیوں پر پھول برسانے کے لیے گئے ان کے ویڈیوز نے پوری دنیا میں سناتن دھرم کا نام روشن کر دیا۔ اس میں جس فحاشی و عریانیت کا مظاہرہ ہوا ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ منی پور میں پولیس کی گاڑی سے نکال کر اغوا کی جانے والی خواتین کی عصمت دری کے بعد دھڑلے سے برہنہ پریڈ کی ویڈیو کو پھیلایا جاتا ہے۔ بی جے پی وزیر اعلیٰ بیرین سنگھ ان ہندوتوا نواز غنڈوں کو سزا دلوانے کے بجائے بچاتا ہے۔ کیا اسی کردار سازی کی موہن بھاگوت نے تاکید کی تھی اور اس کے 100 سال مکمل ہونے پر فخر کرنے کے بجائے مزید عاجزی اور ذمہ داری کے ساتھ سماجی اصلاحات اور یکجہتی کے کام کو آگے بڑھانے کی ترغیب دی گئی تھی۔

آر ایس ایس کو جب تک اقتدار میں نہیں آئی تھی ان کرتوتوں عزائم پر پردہ پڑا ہوا تھا مگر جب انہیں ہاتھ پیر پھیلانے کا موقع ملا تو اس کی حقیقت سامنے آ گئی اور ساری دنیا میں بشمول امریکہ ان پر تنقید ہونے لگی۔ امریکی مذہبی آزادی کمیشن کا کام دنیا بھر میں مذہب کی آزادی پر نظر رکھنا ہے۔ وہ ماضی میں بھی ہندوستان کی حالتِ زار پر تشویش کا اظہار کر کے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ پر تنقید کرتا رہا ہے۔ آر ایس ایس سربراہ کے دورۂ امریکہ پر تو اس نے تنظیم کے ارکان پر پابندیاں عائد کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ آر ایس ایس نے اپنے بیرونِ ملک دوروں کا اہتمام کا مقصد اس تاثر کو زائل کرنا بتایا کہ وہ ایک ایسی نیم فوجی تنظیم ہے جو اقلیتوں پر حملوں میں ملوث رہی ہے۔ موجودہ دور میں جب کہ پوری دنیا ایک گاؤں بن چکی ہے اور انٹرنیٹ نے خبروں کی پہنچ کو کمال کی رفتار عطا کر دی ہے حقائق کو چھپانا ناممکن ہے۔ ہندوستان کے گرجا گھر یا مساجد پر ہونے والا ہر حملہ منٹوں میں ساری دنیا میں پھیل جاتا ہے اس لیے امریکی کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی کے چیئرمین آصف محمود نے ان مذہبی آزادی کی خلاف ورزیوں میں ملوث آر ایس ایس کے ارکان اور ہندوستانی حکام کے خلاف پابندیاں عائد کر کے موہن بھاگوت کا ویزا منسوخ کرنے تک کا مطالبہ کر دیا ہے۔

امریکہ کی دیگر تنظیموں کے ساتھ اقوام متحدہ نے بھی حالیہ برسوں میں ہندوستان کے اندر اقلیتوں کے ساتھ ناروا سلوک میں اضافہ کا انکشاف کیا ہے۔ ان کے مطابق نفرت انگیز تقاریر، مذہب کی بنیاد پر شہریت کا قانون، مسلمانوں کی ملکیتی املاک کی مسماری، جموں و کشمیر کی خود مختاری کا خاتمہ اور تبدیلیٔ مذہب کے خلاف قانون سازی جیسے اقدامات مذہبی آزادی کے لیے باعثِ تشویش ہیں۔ آر ایس ایس کو جب اپنی بدنامی کا احساس ہوا تو اس نے اپنا چہرا مہرا چھپانے یا سجانے کے لیے لابنگ کرنے والے پیشہ ور ادارے کی خدمات حاصل کیں۔ امریکی سینیٹ (پارلیمنٹ) میں جمع شدہ لابنگ سے متعلق دستاویزات اور تحقیقاتی رپورٹس کے مطابق، امریکی لابنگ فرم اسکوائر پیٹن بوگس کو راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کا تعارف کرانے کے لیے سال 2025ء کے پہلے تین سہ ماہیوں میں 3 لاکھ 30 ہزار ڈالر ($330,000) کی ادائیگی کا انکشاف ہو چکا ہے۔ واشنگٹن ڈی سی کی اس معروف قانونی اور لابنگ فرم کو جو پاکستان کے لیے بھی کام کرتی ہے یہ رقم امریکی کانگریس اور سینیٹ کے ارکان کے سامنے آر ایس ایس کا تعارف کرانے اور ہند-امریکہ دوطرفہ تعلقات پر اثر انداز ہونے کی خاطر ادا کی گئی۔ آر ایس ایس کے ترجمان سنیل امبیکر نے ان تمام الزامات کو سختی سے مسترد کیا بعد ازاں لابنگ فرم نے وضاحت کی کہ انہیں براہِ راست آر ایس ایس نے نہیں بلکہ وویک شرما؟ نامی ایک فرد کی طرف سے مقرر کیا گیا تھا، ظاہر ہے ایک غیر رجسٹرڈ تنظیم تو ایسے ہی چوری چھپے کام کرے گی؟ اگر یہ بہتان ہوتا تو سنگھ اس ادارے کے خلاف ہتک عزت کا دعویٰ کر دیتا لیکن ایسا نہیں ہوا۔

اپنا ناک نقشہ سدھارنے کے بعد آر ایس ایس کے سینئر رہنما رام مادھو اور جنرل سکریٹری دتا تریہ ہوسابلے نے اپریل 2026 میں امریکہ کا ایک دورہ کر کے واشنگٹن ڈی سی میں واقع تھنک ٹینک ہڈسن انسٹی ٹیوٹ میں ہند امریکہ تعلقات پر منعقدہ ایک کانفرنس میں شرکت کی۔ اس کانفرنس کے دوران رام مادھو نے مان لیا کہ ہندوستان نے امریکہ کے دباؤ میں آ کر ایران اور روس سے تیل کی درآمد روک دی ہے اور امریکی ٹیرف کو قبول کر لیا ہے۔ اس پر کانگریس اور راہل گاندھی نے مودی حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا۔ اس کے بعد رام مادھو اپنے بیان سے مکر گئے اور باقاعدہ معذرت نامہ جاری کر دیا۔ ہڈسن انسٹی ٹیوٹ کے باہر امریکی صحافیوں اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے رام مادھو کو گھیر کر ہندوستان میں اقلیتوں (مسلمانوں اور عیسائیوں) پر مبینہ تشدد، ماب لنچنگ اور آر ایس ایس پر امریکی کمیشن کی جانب سے پابندیوں کی سفارشات سے متعلق سخت سوالات پوچھے تو سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کے اندر رام مادھو ان سوالات کا جواب دیئے بغیر بھاگتے نظر آئے۔ دتا تریہ ہوسابلے نے امریکی میڈیا نیٹ ورک NPR کے سامنے کہا کہ آر ایس ایس ایک ثقافتی تنظیم ہے اور وہ اقلیتوں کے خلاف نہیں ہے۔ اس جھوٹ پر تو کوئی پاگل بھی یقین نہیں کرے گا۔ رام مادھو اور ہوسابلے کے اس تلخ تجربے کے بعد موہن بھاگوت کو امریکہ جانے کا خیال اپنے ذہن سے نکال دینا چاہیے تھا مگر انہوں نے 29 / اگست کو نیویارک کے میڈیسن سکوائر گارڈن (ایم ایس جی) میں خطاب کرنے کا پروگرام بنا کر اپنی رسوائی کا سامان کر لیا۔ موہن بھاگوت کیا امریکہ سے واپسی پر ہر کوئی یہ شعر پڑھے گا۔

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بڑے بے آبرو ہو کر امریکہ سے ہم بھاگے

# یہ کسی ہیرو کا استقبال تو قطعی نہیں ہے

**مذہبی آزادی کمیشن کے ذریعہ پابندیوں کا مطالبہ اور حقوق انسانی تنظیموں کی مخالفت کے درمیان امریکہ پہنچے آر ایس ایس چیف موہن بھاگوت کا جو استقبال ہوا، اسے کسی ہیرو کا استقبال قطعی نہیں کہا جا سکتا**

آشیش رے

25 اگست کو آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت نیویارک پہنچے۔ اسی ہفتے بعد میں میڈیسن اسکوائر گارڈن میں 'یونیورسل ونس سیلیبریشن' (عالمی یگانگت جشن) کے نام سے تشہیر کیے جانے والے پروگرام میں ان کی اہم تقریر ہونا طے تھا۔ تاہم بہت سے لوگوں کے لیے یہ بات قابل قبول نہیں ہو پا رہی۔ ابھی چند روز پہلے ہی 20 اگست کو بین الاقوامی مذہبی آزادی پر امریکی کمیشن (یو ایس سی آئی آر ایف) نے مطالبہ کیا تھا کہ آر ایس ایس اور اس کے رہنماؤں کو سفارتی آداب اور اعلیٰ سطحی ملاقاتوں سے محروم رکھا جائے۔ جس وقت کمیشن نے یہ مطالبہ کیا، وہ کوئی اتفاق نہیں تھا۔ دہلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ہندوستانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے یو ایس سی آئی آر ایف کو 'تعصب سے متاثر ادارہ' قرار دے کر مسترد کر دیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ "ہمیں ایسے اداروں کو نظر انداز کرنا چاہیے کیونکہ ان کے اپنے ایجنڈے ہوتے ہیں اور ان کی کوئی ساکھ نہیں ہے۔" یو ایس سی آئی آر ایف ایک آزاد، دو جماعتی وفاقی ایجنسی ہے جو عالمی سطح پر مذہبی آزادی کی نگرانی کرتی ہے۔ یہ امریکی صدر، وزیر خارجہ اور امریکی کانگریس کو پالیسی سے متعلق سفارشات بھیجتی ہے۔

مارچ 2026 میں شائع سالانہ رپورٹ میں یو ایس سی آئی آر ایف نے امریکی حکومت سے سفارش کی تھی کہ وہ "مذہبی آزادی کی سنگین خلاف ورزیوں اور انہیں فروغ دینے کے لیے ذمہ دار ریسرچ اینڈ اینالیسس ونگ (را - ہندوستان کی غیر ملکی خفیہ ایجنسی) اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) جیسی تنظیموں اور ان سے وابستہ لوگوں پر ہدفی پابندیاں عائد کرے، ان کی جائیدادیں ضبط کی جائیں اور امریکہ میں ان کے داخلے پر پابندی عائد کی جائے۔" را کا حوالہ اس کے ایک مبینہ ملازم وکاس یادو کی نیویارک میں ہندوستان مخالف سکھ انتہا پسند گرپتونت سنگھ پنوں کے قتل کی ناکام سازش میں مبینہ شمولیت سے متعلق تھا۔ رپورٹ نے ٹرمپ انتظامیہ کو یہ بھی سفارش کی تھی کہ وہ 'بین الاقوامی مذہبی آزادی ایکٹ (آئی آر ایف اے) کے تحت متعین منظم، مسلسل اور سنگین مذہبی آزادی کی خلاف ورزیوں میں ملوث ہونے یا انہیں فروغ دینے کی بنیاد پر ہندوستان کو 'خصوصی تشویش والے ملک' کے طور پر نامزد کرے۔" یو ایس سی آئی آر ایف اس زمرے میں پاکستان، چین، شمالی کوریا اور ایران کو بھی رکھتا ہے۔ اس طرح آر ایس ایس گزشتہ کچھ عرصہ سے یو ایس سی آئی آر ایف کے نشانے پر رہا ہے۔ اس کا سب سے حالیہ بیان ایسے وقت آیا، جب بھاگوت امریکہ کے دورے پر ہیں۔ درحقیقت کمیشن نے 'امریکی شہریوں اور اقلیتوں کے خلاف دھمکی اور ہراسانی کی مسلسل کارروائیوں کی بنیاد پر ہندوستان کو ہتھیاروں کی فروخت روکنے کے لیے آرمز ایکسپورٹ کنٹرول ایکٹ کی دفعہ 6 نافذ کرنے' کی بھی سفارش کی ہے۔

1925 میں قائم آر ایس ایس اپنے ابتدائی دنوں میں ہندوؤں کے درمیان بہت زیادہ رسوخ قائم نہیں کر سکا تھا۔ اس نے مشرقی افریقہ میں آباد ہندوستانیوں کے درمیان اپنی قسمت آزمانے کے لیے بیرون ملک کا رخ کیا۔ ایڈورڈ اینڈرسن 'ہندو نیشنلزم اِن دی انڈین ڈائسپورا' میں لکھتے ہیں کہ "(ہندوستانی) آزادی سے ایک سال قبل اور ایک ہندو انتہا پسند کے ہاتھوں مہاتما گاندھی کے قتل کے بعد آر ایس ایس پر عائد پابندی سے 2 سال پہلے، (امرتسر کے ایک آریہ سماج اسکول کے استاد، جگدیش) شاستری اپنے نئے عہدے کی ذمہ داری سنبھالنے کے لیے بمبئی سے ممباسا کے لیے روانہ ہوئے۔ بحر ہند کے بیچ ایک طوفانی شام کو 'ایس ایس واسنا' کے ڈیک پر ان کا غیر متوقع طور پر منیک لال روگھانی نامی ایک گجراتی مسافر سے تعارف ہوا۔ شاستری کی اپنی کتاب 'میموائرز آف اے گلوبل ہندو' میں درج یہ ملاقات ہندوستان سے باہر پہلی شاخ کے قیام کی بنیاد بنی۔"

مشرقی افریقہ میں آر ایس ایس نے 'ہندو سویم سیوک سنگھ' (ایچ ایس ایس) نامی ایک معاون تنظیم کے طور پر کام شروع کیا۔ 1970 کی دہائی کے اوائل میں، جب یوگانڈا، کینیا اور تنزانیہ میں ہند نژاد لوگوں کو بڑے پیمانے پر بے دخلی کا سامنا کرنا پڑا اور وہ برطانیہ اور امریکہ چلے گئے، تو یہ ممالک بھی 'ایچ ایس ایس' کے لیے زرخیز زمین ثابت ہوئے۔

آج برطانیہ میں 'ایچ ایس ایس' کی 100 سے زیادہ شاخیں / سرگرمی مراکز ہیں اور امریکہ میں تقریباً 270 شاخیں فعال ہیں۔

1984 میں لوک سبھا کی 543 نشستوں میں سے بی جے پی کے پاس محض 2 نشستیں تھیں۔ یہاں تک کہ ہندوستان میں پارٹی کے سب سے کٹر حامی بھی اسے مزید مالی مدد دینے کے لیے تیار نہیں تھے۔ سیاسی جلاوطنی کے اس دور میں بی جے پی نے آر ایس ایس کے ذریعے ایچ ایس ایس کا رخ کیا، تاکہ مغرب میں پوری طرح آباد اور خوشحال ہو رہے سابق مشرقی افریقی ہندوؤں سے رابطہ قائم کیا جا سکے۔ ان سابق مشرقی افریقی ہندوستانیوں (جن میں بیشتر گجراتی تھے) نے فراخ دلی سے بی جے پی کے خزانے کو بھر کر مثبت ردعمل دیا۔ آج تک آر ایس ایس ہندوستان میں ایک غیر رجسٹرڈ ادارہ ہے۔ یہ خود کو 'افراد کا ایک گروپ' کہتا ہے۔ تاہم ایچ ایس ایس (امریکی انٹرنل ریونیو سروس کے لیے ہندو سویم سیوک سنگھ یو ایس اے، انک) ایک غیر منافع بخش ادارہ (نان پرافٹ) کے طور پر رجسٹرڈ ہے۔ امریکی انتظامیہ کے سامنے اعلان کردہ اس کا مقصد 'ہندو اقدار اور خدمت کی اقدار کو فروغ دینے کے لیے سماجی، ثقافتی اور تعلیمی سرگرمیاں انجام دینا' ہے۔ اس ظاہری حیثیت سے قطع نظر، اسے وسیع پیمانے پر آر ایس ایس کی غیر ملکی شاخ سمجھا جاتا ہے، جسے عام طور پر ایک دائیں بازو کی ہندو قوم پرست نیم فوجی تنظیم کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

'یورپی کنسورشیم فار پالیٹیکل ریسرچ' کے ایک بلاگ نے آر ایس ایس کو 'تاریخ کا سب سے بڑا، سب سے امیر اور سب سے کامیاب انتہائی دائیں بازو کا نیٹورک' قرار دیا۔ اس نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ آر ایس ایس نے گزشتہ سال اپنی صد سالہ تقریب کے موقع پر امریکی قانون سازوں کے درمیان رابطہ مہم چلانے کے لیے خفیہ طور پر لابنگ فرم 'اسکوائر پیٹن بوگس' کو مقرر کیا تھا، جس کے لیے اسے 000,30,3 ڈالر ادا کیے گئے تھے۔ ایک امریکی نیوز آؤٹ لیٹ 'پریزم' نے رپورٹ دی کہ پی آر کمپنی نے اس معاہدے کے منظر عام پر آتے ہی مہم ختم کر دی۔ تاہم، آر ایس ایس نے سرکاری طور پر اس فرم کی خدمات حاصل کرنے سے انکار کیا ہے۔ 'ہندوز فار امریکہ فرسٹ' نے 2024 کی صدارتی انتخابی مہم میں ہند نژاد ڈیموکریٹک امیدوار کملا ہیرس کے مقابلے ڈونالڈ ٹرمپ کی حمایت کی تھی۔ 'ریپبلکن ہندو کولیشن' نے ٹرمپ کی فنڈ جمع کرنے کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا۔ ان تعلقات کا مطلب یہ تھا کہ آر ایس ایس پر پابندی عائد کرنے کی یو ایس سی آئی آر ایف کی سفارش وائٹ ہاؤس میں نظر انداز کر دی گئی۔ اس سفارش کے بارے میں پوچھے جانے پر امریکی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ 'یو ایس سی آئی آر ایف ایک آزاد امریکی کمیشن ہے... یہ وزارت خارجہ کے بین الاقوامی مذہبی آزادی کے دفتر (او آئی آر ایف) سے پوری طرح الگ ہے۔" تاہم انہوں نے آر ایس ایس پر او آئی آر ایف کے موقف کو واضح نہیں کیا۔ 3 امریکی سکھ تنظیموں نے بھی وزیر خارجہ مارکو روبیو کو خط لکھ کر بھاگوت کو امریکہ میں داخل ہونے سے روکنے کا مطالبہ کیا۔ ظاہر ہے، اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

25 اگست کو 'ہندوز فار ہیومن رائٹس' اور دیگر ہندو، مسلم، بین المذاہب اور شہری حقوق کی تنظیموں نے اس شہر میں بھاگوت کی موجودگی کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے نیویارک سٹی ہال کی سیڑھیوں پر ایک پریس کانفرنس منعقد کی۔ نیویارک شہر کے مقبول میئر ظہران ممدانی نے کہا کہ "میں (میڈیسن اسکوائر گارڈن) ریلی کی حمایت نہیں کرتا، لیکن مجھے نہیں معلوم کہ شہری انتظامیہ کے پاس کسی پرائیویٹ پروگرام کو منسوخ کرنے کا قانونی اختیار ہے یا نہیں۔" انہوں نے یہ بھی کہا کہ "ایک ایسی تحریک کو تشکیل پاتے دیکھنا انتہائی پریشان کن ہے جو اخراج پر مبنی سوچ پر قائم ہے۔"

2002 کے گجرات فسادات کے بعد وزارت خارجہ کی جانب سے مودی کے امریکہ میں داخلے پر باضابطہ طور پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ درحقیقت، جیسا کہ چند سال پہلے وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے واضح کیا تھا، مودی پر سے پابندی ہٹانا صرف عارضی تھا اور یہ اس وقت تک ہی مؤثر رہے گا جب تک وہ ہندوستانی حکومت میں اپنے موجودہ عہدے پر فائز ہیں۔ آر ایس ایس کو بھی یہ موجودہ حفاظتی حصار اسی وقت تک مل سکتا ہے جب تک ٹرمپ اقتدار میں ہیں۔ ☆

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں


مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی-وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل مارکیٹ پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

